© rasailojaraid.com

نہیں۔ ملنے کا پتہ: دفتر تحریک خدام اہل سنت والجماعۃ، چکوال۔

ہمارے حضرات اکابر اہل السنۃ والجماعۃ علماء دیوبند سے اللہ تعالیٰ نے حفاظت واشاعت دین کا جو کام لیا ہے، اس کے آثار وبرکات رہتی دنیا تک انشاء اللہ قائم ودائم رہیں گے۔ انہوں نے امت کے ذوق متوارث اور عقائد حقہ کی جہاں بھرپور اشاعت کی وہاں سنت کے سدابہار شجر طوبیٰ کو بدعات کی بادسموم سے محفوظ رکھنے کی کوشش بھی کی۔ محبت کے حسین عنوان سے اٹھنے والی بدعات کی بھرپور تردید فرمائی، فجزاهم الله أحسن الجزاء۔ ہمارے اکابر کی نسبتوں کے امین اور ترجمان حضرت شیخ الحدیث مولانا محمد زکریا مہاجر مدنی تھے۔ آپ کے وصال کے بعد آپ کے خلفاء نے ایک عرصہ تک تو جناب صوفی محمد اقبالؒ کی قیادت میں ملک میں تحریکی انداز میں تصوف وخانقاہ کا نعرہ بلند کئے رکھا، مگر یکا یک ۱۴۱۳ھ کے اوائل میں مولانا عزیز الرحمٰن ہزاروی کے نام سے ایک رسالہ ''اکابر کا مسلک ومشرب'' جناب صوفی صاحب کی مکمل تائید سے منظر عام پر آیا۔ اس رسالہ میں کمالِ درجہ کی تلبیس حق بالباطل کی گئی تھی اور موقف یہ اختیار کیا گیا کہ دیوبندی بریلوی نزاع محض لفظی ہے، نیز یہ کہ حضرت شیخ الحدیث مولانا محمد زکریاؒ بھی عرس کے فوائد بیان کیا کرتے تھے۔ اس کے علاوہ بعض واقعات نامکمل طور پر ایسے اسلوب سے ذکر کئے کہ جس کے پڑھنے کے بعد قاری کے ذہن سے سنت وبدعت کا فرق ختم ہونا شروع ہو جاتا ہے۔ قارئین جانتے ہیں کہ یہ بدعات کو ہضم کرانے کی ایک مذموم کوشش تھی۔ چنانچہ خود ان کے اپنے حلقہ کے بعض احباب نے ان کو متوجہ کیا، مگر ان کی حد سے بڑھی ہوئی خود اعتمادی نے ان کو اپنے موقف پر نظر ثانی نہ کرنے دی بلکہ ایک اور قدم بڑھایا اور عالم عرب کے ایک بدعتی عالم محمد بن علوی مالکی کی کتاب کا ترجمہ ''اصلاح مفاہیم'' کے نام سے شائع کرایا جس سے اکابر کے خدام میں ہیجانی کیفیت پیدا ہوگئی۔ اللہ تعالیٰ جزائے خیر عطا فرمائیں حضرت مولانا قاضی مظہر حسین صاحب کو کہ انہوں نے ماہنامہ ''حق چاریار'' میں مسلسل تعاقب کیا۔ اسی طرح حضرت مولانا محمد یوسف لدھیانویؒ نے مدلل طور پر ان کے موقف کا رد کیا۔ ان کے علاوہ حضرت مولانا عبدالشکور ترمذیؒ نے بھی دلائل وبراہین کے ساتھ مفصل تردید فرمائی۔ دیگر علماء کے مضامین بھی ماہنامہ ''الخیر'' اور ''انوار مدینہ'' میں شائع ہوئے۔ علماء کی بروقت گرفت نے اس گروہ کو پسپائی پر مجبور کر دیا اور حضرات اکابر کے خدام ایک بڑے انتشار سے بچ گئے اور حضرات اکابر کا دامن بھی داغ دار ہونے سے محفوظ رہ گیا۔ حضرت لدھیانویؒ کے مضامین تو ''آپ کے مسائل اور ان کا حل'' جلد نہم میں یکجا شائع ہو چکے ہیں، مگر دوسرے اکابر کے مضامین مختلف رسائل میں منتشر تھے۔ حضرت شیخ الحدیث کے خلیفہ وخادم خاص مولانا محمد اسمٰعیل بدات کی بھرپور خواہش تھی کہ اس موضوع پر لکھے گئے تمام مضامین اکھٹے شائع کئے جائیں تاکہ بعد میں کوئی صاحب ان اکابر کے نام سے تلبیس نہ کر سکے اور یوں اس موضوع پر ایک تاریخی دستاویز بھی مرتب ہو جائے گی۔ اللہ تعالیٰ جزائے خیر عطا فرمائیں جامعہ اشرفیہ لاہور کے مفتی شیر محمد علوی صاحب کے فرزند گرامی مفتی ابوبکر علوی کو کہ انہوں نے بڑی محنت سے جمع وترتیب کا کام سرانجام دیا البتہ ہماری نظر میں اس کا نام ''تحقیقی نظر'' کی بجائے ''دفاعِ اکابر'' ہوتا تو بہتر تھا۔ یہاں پر اس امر کا ذکر کرنا بھی ضروری ہے کہ اپنی غلطی کا اعتراف سعادت مندی کی علامت ہے۔ اس جماعت کے ذمہ دار اگرچہ اب اپنی سابقہ روش پر قائم نہیں ہیں مگر اس سے غیر مبہم اعلان بیزاری بھی

© rasailojaraid.com